© rasailojaraid.com

مولانا محمد ابراہیم فانی

# تعارف وتبصرہ کتب

کتاب: فضائل ومناقب تالیف: ڈاکٹر عبدالمعطی امین قلعجی ترجمہ وتعلیقات: ڈاکٹر محمود الحسن عارف
ضخامت: ۲۶۴ صفحات ناشر: مطبع ادب اسلامی لاہور قیمت: ۱۱۰ روپے

..................................

خانوادہ حضرت رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم اور اہل بیت کرام کے ساتھ مسلمانوں کی عقیدت ومحبت اور والہانہ تعلق گویا جز وایمان ہے اور ہر مسلمان اسی محبت وتعلق کو اپنے لئے باعثِ سعادت اور لائق شفاعت سمجھتا ہے بشرطیکہ یہ عقیدت ایسے غلو پر مشتمل نہ ہو جس سے عقیدہ توحید ورسالت پر زد پڑتی ہو۔ مناقب خلیفہ راشد حضرت علی کرم اللہ وجہہ مناقب حضرات حسنین کریمین رضی اللہ عنہما اور مناقب خاتون جنت حضرت سیدہ فاطمۃ رضی اللہ عنہا پر ذخیرہ احادیث شاہد عدل ہے اور سینکڑوں احادیث ان نفوس قدسیہ کی شہامت اور ان کے فضائل ومناقب پر دال ہیں۔

زیر تبصرہ کتاب کے پیش لفظ میں حضرت سیدی مولانا سید انور حسین نفیس رقم صاحب مدظلہ تحریر فرماتے ہیں "۱۴۰۵ھ/ ۱۹۸۵ء میں مصر کا سفر ہوا جامعہ الازھر کے باہر کتابوں کی ایک چھوٹی سی دوکان سے ایک کتاب کے کچھ اوراق ہے۔"مناقب علی والحسنین وامھما فاطمۃ الزھراء" کے ۹۶ صفحات تھے۔سرورق سے معلوم ہوا کہ مشہور مصنف محمد فواد عبدالباقی مرحوم کی تالیف ہے ان کی دوسری تالیفات کی طرح یہ کتاب بھی ان کی تحقیق کا بہترین نمونہ معلوم ہوئی۔ جسے عیسیٰ البابی الحلبی قاہرہ نے شائع کیا۔باقی اوراق تلاش بسیار کے باوجود نہ مل سکے۔ کچھ عرصہ بعد ایک کتاب "تاریخ المشقات" نظر سے گزری۔ کتاب کے آخر میں مراجع ومصادر کی فہرست میں ہو بہو اسی نام کی ایک کتاب درج تھی۔الدکتور عبدالمعطی امین قلعجی کی تحقیق اور کاوش پر مبنی اس کتاب کی تلاش وجستجو شروع ہوئی بالآخر.........تلاش بسیار کے بعد یہ کتاب حاصل ہوئی۔پیش نظر کتاب اسی کا ترجمہ ہے"

ڈاکٹر محمود الحسن عارف نے اس عظیم علمی کتاب کا نہایت ہی محققانہ عالمانہ اور فاضلانہ ترجمہ کیا ہے۔اور ترجمہ میں ایسا اسلوب اور انداز اختیار کیا ہے جس سے یہ کتاب مترجم معلوم نہیں ہوتی۔جو کہ مترجم کے کمالِ فن کی دلیل ہے۔کتاب تین حصوں پر محتوی ہے پہلا حصہ خلیفہ راشد حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے مناقب پر مشتمل ہے جبکہ دوسرا حصہ مناقب حسنین کریمین رضی اللہ عنہما اور تیسرے حصے میں خاتونِ جنت حضرت سیدہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا کے مناقب ہیں۔اس میں پہلا حصہ جو حضرت علی رضی اللہ عنہ کے فضائل ومناقب کا ہے کافی مبسوط ہے ص ۱۷ سے لے کر ۲۰۴ تک آپ ہی کے مناقب ہیں۔مترجم نے انتہائی محنت' جدوجہد کے ساتھ اس تحقیقی کتاب میں جتنی بھی احادیث مذکور ہیں کی تخریج کی ہے جس سے کتاب کی افادیت میں کافی اضافہ ہوا ہے۔مناقب اہل بیت پر بلاشبہ یہ ایک بہترین کاوش ہے اور اس کے مطالعہ سے قاری اپنے دل میں حضرات اہل بیت کی محبت کا ایک سیل بیکراں رواں دواں محسوس

© rasailojaraid.com